سوال

امام ضامن کی اسلام میں کیا اہمیت ہے ؟

جواب

اسلام میں امام ضامن کی اہمیت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ جب کوئی سفر پر جاتا ہے تو اس کے بازو پر کسی کپڑے میں کچھ پیسے باندھ دیئے جاتے ہیں کہ یہ امام ضامن ہے اور واپس آکر بچوں میں بانٹ دینا، میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ اس کی کیا حقیقت ہے ۔ ؟ کیا ایسا کرنا جائز ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس عمل کی اسلام میں کوئی اہمیت یا صراحت موجود نہیں ہے ،اور ایسا کرنا ناجائز ہے کیونکہ یہ اللہ کو چھوڑ کر غیر اللہ (امام ضامن) پر توکل ہے جو سراسر شرک ہے ۔ اور شرک ناقابل معافی جرم ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی